بحریہ کے صمیمی اور محنتی جوانوں کا نقصان بہت بڑا المیہ ہے - 12 /May/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی اور مسلح افواج کے کمانڈر انچیف حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے ایرانی فوج کے سربراہ میجر جنرل سید عبدالرحیم موسوی کے نام پیغام میں ایرانی بحریہ کے بعض بہادر اور دلاور جوانوں کی بحری کشتی کنارک کے حادثے میں دردناک شہادت پرگہرے غم اور دکھ کا اظہار کیا اور متاثرہ خاندانوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتے ہوئے اللہ تعالی کی بارگاہ میں اس حادثے میں زخمی ہونے والے جوانوں کی صحتیابی کے لئے دعا کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج کے سربراہ میجر جنرل موسوی

کنارک کشتی کے حادثے میں ایرانی بحریہ کے بعض دلیر اور بہادر جوانوں کی دردناک شہادت سے کافی دکھ اور افسوس ہوا ہے اگر چہ بحریہ کے محنتی جوانوں نے دشوار خدمت کے دوران اپنی جان افتخار آمیز انداز میں جان افرین کے حوالے کردی ۔ اللہ تعالی انھیں اس کا اجر و ثواب عطا فرمائےگا۔ ان شااللہ ، البتہ ان بہادر اور محنتی جوانوں کا غم ان کے خاندانوں کے لئے اور بحریہ کے لئے بہت بڑا نقصان ہے ۔ میں ان شہیدوں کے غمزدہ خاندانوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ میں زخمیوں کی جلد از جلد صحتیابی کے لئے دعا کرتا ہوں اور متعلقہ حکام سے اس حادثہ کے مختلف پہلوؤں کی ہمہ گیر تحقیق اور اس قسم کے تلخ حوادث کی آئندہ عدم تکرار کے سلسلے میں سنجیدہ اقدامات کی سفارش کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

23 / اردیبہشت / 1399